# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: افسانوی ادب (5604) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- پریم چند کا فن اعلیٰ درجہ کی واقعیت اور عمدہ مثالیت کا حسین امتزاج ہے۔ تائید یا تردید کیجئے۔ (20)

سوال 2- کرشن چندر نے اپنے افسانوں میں فطرت کی معصومیت اور خوب صورتی کو اجاگر کر کے انسانی محبت کا درس دیا۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 3- غلام عباس کے افسانوں میں جزئیات نگاری کی طرف زیادہ توجہ دکھائی دیتی ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجوہ ہیں؟ (20)

سوال 4- منٹو کے افسانوں کا مرکزی سروکار کیا ہے؟ منٹو کی افسانوی کائنات کی روشنی میں بحث کریں۔ (20)

سوال 5- احمد ندیم قاسمی کے فکر و فن پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- آپ کے خیال میں اردو ادب کا ابتدائی دور ڈرامے سے خالی کیوں نظر آتا ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2- کیا ''رستم وسہراب'' کو فن کے نقطہ نظر سے آغا حشر کا نمائندہ ڈرامہ قرار دیا جا سکتا ہے؟ (20)

سوال 3- اردو کے ڈرامائی ادب میں اندر سبھا لکھنوی تہذیب و معاشرت کی عکاسی کے باعث ایک منفرد مقام رکھتا ہے۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 4- انارکلی ایک ادبی شہ پارہ ہے۔ اس کی تعریف ڈرامے کی ڈرامائی خصوصیات سے کہیں زیادہ اس کی ادبی خصوصیات کی بناء پر کی جاتی ہے۔ اس حوالہ سے انارکلی پر تنقیدی نوٹ لکھئے۔ (20)

سوال 5- اردو ڈرامے کے تاریخی مدارج کا تذکرہ اپنے الفاظ میں کیجیے۔ (20)